# میں اچھّا بنوں گا



خوشی سے پڑھوں گا ، خوشی سے لکھوں گا
خوشی سے ہر اِک کام کرتا رہوں گا
نہا دھوکے مَیں صاف سُتھرا رہوں گا
لِباس اپنا ہر وقت اُجلا رکھوں گا

بڑے شوق سے مدرسے جاؤں گا مَیں
سبق ختم ہوتے ہی گھر آؤں گا مَیں
سلیقے سے اپنی کتابیں رکھوں گا
سبق اپنا ہر روز پڑھتا رہوں گا





کروں گا ، جو ماں باپ مجھ سے کہیں گے
مِرے کام سے وہ سدا خوش رہیں گے
اَدب اپنے اُستاد کا مَیں کروں گا
تَوَجُّہ سے ہر بات اُن کی سنوں گا

بَھلائی سے کرتا رہوں گا محبّت
بُرائی سے کرتا رہوں گا میں نفرت
مَیں سچّا بنوں گا ، مَیں اچھّا بنوں گا
مَیں اچھّوں کی صُحبت میں ہر دم رہوں گا



(تلوک چند محرومؔ)

سدا - ہمیشہ، ہر دَم

صُحبت - ساتھ

## مشق

❁ **ایک جملے میں جواب لکھو :**

۱۔ بچّہ اپنی کتابیں کس طرح رکھنا چاہتا ہے؟

۲۔ بچّہ کس کا ادب کرنا چاہتا ہے؟

۳۔ بچّہ کیسا بننا چاہتا ہے؟

❁ **مختصر جواب لکھو :**

۱۔ بچّہ ماں باپ کو کس طرح سدا خوش رکھنا چاہتا ہے؟

۲۔ اچھّوں کی صُحبت میں رہنے کا بچّے پر کیا اثر ہوگا؟

۳۔ اچھّے بچّے کی تین خوبیاں لکھو۔

❁ **نظم پڑھ کر خالی جگہ میں مناسب لفظ لکھو :**

| | |
|---|---|
| ۱۔ بڑے ............... سے مدرسے جاؤں گا میں | (ذوق ، شوق) |
| ۲۔ مِرے کام سے وہ ............... خوش رہیں گے | (صدا ، سدا) |
| ۳۔ بَھلائی سے کرتا رہوں گا ............... | (محبّت ، اُلفت) |
| ۴۔ مَیں اچھّوں کی صُحبت میں ............... رہوں گا | (ہر دِن ، ہر دَم) |

**سرگرمی :**

اِس نظم کو زبانی یاد کرو اور سب مِل کر گاؤ۔

